# حقوق نامہ برائے حق رائے دہندگان

## آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں

1. **اگر آپ ایک رجسٹرڈ ووٹر ہیں تو ووٹ دینے کا حق۔** آپ ووٹ دینے کے اہل ہیں اگر آپ:

- ★ ریاست کیلیفورنیا میں مقیم امریکی شہری ہیں
- ★ کم از کم 18 سال کے ہیں
- ★ جہاں آپ فی الوقت مقیم ہیں وہاں پر رجسٹرڈ ہیں
- ★ ریاست یا وفاقی جیل میں کسی جرم کے مرتکب ہونے پر فی الوقت سزا یافتہ نہیں ہیں، اور
- ★ فی الوقت کسی بھی عدالت میں ووٹ ڈالنے کیلئے ذہنی طور پر نا اہل قرار نہیں پائے ہیں

2. **گر آپ ایک رجسٹرڈ ووٹر ہیں تو اگر آپ کا نام فہرست میں نہ بھی ہو تو بھی ووٹ دینے کا حق**
آپ ایک عبوری بیلٹ کا استعمال کرتے ہوئے ووٹ دیں گے۔ اگر انتخابی عہدیدار اس بات کا احاطہ کرلیں کہ آپ ووٹ دینے کے اہل ہیں، تو آپ کا ووٹ شمار کیا جائے گا۔

3. **اگر آپ قطار میں پہلے سے کھڑے ہوئے ہیں تو رائے شماری بند ہونے پر بھی آپ ووٹ ڈالنے کا حق رکھتے ہیں۔**

4. **ایک خفیہ بیلٹ کے ذریعے ووٹ ڈالنے کا حق** بغیر اس کے کہ کوئی آپ کو تنگ کرے یا بتائے کہ ووٹ کیسے ڈالنا ہے۔

5. **اگر آپ سے کوئی غلطی ہو گئی ہے تو نیا بیلٹ پیپر حاصل کرنے کا حق،** بشرطیکہ آپ نے پہلے سے ہی اپنا ووٹ نہ ڈالا ہوا ہو۔ آپ:
**پولنگ کے مقام پر کسی انتخابی عہدیدار** سے ایک نئے بیلٹ کیلئے،
کہہ سکتے ہیں، **کسی الیکشن آفس میں، یا آپ کے پولنگ کے مقام پر** نئے بیلٹ کیلئے اپنے ووٹ کا ڈاک والے بیلٹ کے ذریعے تبادلہ کر سکتے ہیں، **یا عبوری بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ ڈال سکتے ہیں۔**

6. **اپنا ووٹ ڈالنے میں اپنی مرضی کے شخص سے** ماسوائے آپ کے آجر یا یونین کے نمائندے کے، مدد حاصل کرنے کا حق۔

7. کیلیفورنیا میں پولنگ کے کسی بھی مقام پر اپنا مکمل پُر کردہ ووٹ بذریعہ ڈاک والے بیلٹ کے ڈالنے کا حق۔

8. **انگریزی کے علاوہ کسی دوسری زبان میں انتخابی مواد حاصل کرنے کا حق** بشرطیکہ آپ کے انتخابی حلقے میں اس زبان کو بولنے والے لوگوں کی بقدر کافی تعداد موجود ہو۔

9. **انتخابی عہدیدار سے انتخابی طریقہ کار کے بارے میں سوالات پوچھنے** نیز انتخابی عمل کو دیکھنے کا حق۔ اگر سوال پوچھنے پر وہ شخص جواب نہ دے سکے، تو ضروری ہے کہ وہ کسی ایسے شخص تک آپ کی رہنمائی کرے جو آپ کے جواب دینے کیلئے موزوں ہو۔ اگر آپ شرانگیزی کر رہے ہیں تو وہ آپ کو جواب دینا بند کر سکتے ہیں۔

10. **کسی بھی غیر قانونی یا فریب کاری پر مبنی انتخابی سرگرمی کی اطلاع** انتخابی عہدیدار یا ریاستی سیکرٹری کے دفتر میں دینے کا حق۔

### خصوصی نوٹس

- مشتہر کردہ کاؤنٹی ووٹرانفارمیشن گائیڈ میں، بتائے گئے دن کو رائے شماری صبح 7:00 بجے سے لیکررات 8:00 بجے تک جاری رہے گی۔
- ووٹ کیسے ڈالنا ہے، بشمول عبوری بیلٹ کیسے استعمال کرنا ہے، کے بارے میں پول ورکر یا آپ کے مقامی انتخابی عہدیدار کی طرف سے آپ کو بذریعہ ڈاک بھیجی گئی معلومات سے مخصوص ہدایات حاصل کی جا سکتی ہیں۔
- اگر آپ ایک نئے رجسٹرڈ ووٹرہیں تو، آپ کو مناسب شناخت یا وفاقی قانون کے تحت دیگر دستاویزات فراہم کرنے کو کہا جا سکتا ہے۔ تاہم براہ مہربانی نوٹ فرما لیں کہ ہر فرد حتی اگر وہ دستاویزات فراہم نہ کرے تب بھی اسے عبوری بیلٹ استعمال کرنے کا حق حاصل ہے۔
- ووٹ ڈالنے کیلئےخود کو اہل ہونے کے طور پر پیش کرنا قانون کے خلاف ہے تاوقتیکہ آپ وفاقی اور ریاستی قانون کے تحت ووٹ ڈالنے کی تمام شرائط پر پورا نہ اترتے ہوں۔
- ووٹنگ کے سازو سامان میں ردوبدل کرنا قانون کے خلاف ہے۔

**اگر آپ کو یقین ہے کہ ان حقوق میں سے کسی بھی حق سے آپ کو محروم رکھا گیا ہے تو،** سیکرٹری آف اسٹیٹ کی خفیہ ٹال فری ووٹرھاٹ لائن (800) 345-VOTE (8683) پر کال کریں۔

ویب سائٹ **www.sos.ca.gov** پر

بذریعہ فون **(8683)(VOTE)-(345)(800)** پر

بذریعہ ای میل **elections@sos.ca.gov** پر